# والدین کے لیے ہینڈ بک

کوئین بی اسکول ڈسٹرکٹ 16

2025/2024

***کوئین بی سکولز کا مشن یہ یقینی بنانے کے لیے ایسے اعلیٰ معیارات قائم کرنا ہے کہ ہمارے تمام طلباء سیکھیں، آگے بڑھیں اور کامیابی حاصل کریں۔***

**<u>مشن، وژن، اقدار:</u>** مشن ایسے تصوّرات کے ایک سیٹ کی بنیاد پر بنایا گیا ہے، جو ہمارے اسٹیک ہولڈرز ابتدائی تعلیم کے بارے میں شیئر کرتے ہیں۔
ہمارا ماننا ہے کہ:

- بچوں کو ایک ایسی جامع تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے، جو ان کی ضروریات پوری کرے اور انہیں اس قابل بنائے کہ وہ اپنی بہترین صلاحیتوں کے مطابق ترقی کر سکیں۔
- بچے کی تعلیم ایک خوشگوار تجربہ ہونا چاہیے، جو اس کے اندر سیکھنے کی بھرپور خواہش پیدا کرے۔
- معیاری تعلیم کے لیے عملے کی صلاحیتوں میں بھی مسلسل بہتریاں لانا ضروری ہے۔
- مؤثر تعلیم کے لیے ضلعی عملے، تعلیمی بورڈ اور کمیونٹی کے درمیان باخبر شراکت داری کی ضرورت ہوتی ہے۔
- کلاس روم ٹیچر بچے کی تعلیمی نشوونما میں سب سے اہم کردار ادا کرتا ہے۔
- فنڈز کا ذمہ دارانہ استعمال کرتے ہوئے، معیاری تعلیمی پروگراموں کی معاونت کرنا۔
- بچوں کو ایسے تجربات کی ضرورت ہوتی ہے، جو ان میں ایک جمہوریت میں زندگی گزارنے اور عالمی سطح پر باہمی تعلقات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے ضروری اور مناسب رویوں اور اقدار کو فروغ دیں۔
- بچوں اور عملے کو ایک خوشگوار، محفوظ اور منظم ماحول میں سیکھنے اور کام کرنے کا حق حاصل ہے۔
- بچوں کو خود اعتمادی اور خود پر بھروسہ پیدا کرنے کا موقع فراہم کیا جانا چاہیے۔

**<u>تعلیمی بورڈ:</u>**

تعلیمی بورڈ ضلع 16 کے ووٹرز کے ذریعے منتخب کردہ سات اراکین پر مشتمل ہوتا ہے۔ بورڈ اپنے افسران، صدر اور نائب صدر کا انتخاب خود کرتا ہے اور ایک سیکرٹری کا تقرر کرتا ہے۔ تعلیمی بورڈ کی سیکرٹری محترمہ جینیٹ ڈی سینٹیاگو ہیں، جن سے630-260-6105 پر اور/ یاjdesantiago@queenbee16.orgپر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ تعلیمی بورڈ کے اجلاس عام طور پر ہر مہینے کے دوسرے پیر کے دن بوقت شام 7:00 بجے منعقد ہوتے ہیں، بمقام: کوئین بی آپریشنز سنٹر، 1560 بلومنگڈیل روڈ، گلینڈیل ہائیٹس، الینوائے، 60139

اسکول بورڈ کے موجودہ ممبران درج ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| محترمہ لورا بروس، صدر | مسٹر ولیم سٹاؤنٹن | محترمہ پاؤلا بوڈیوش | محترمہ نکول مور |
| محترمہ فاطمہ بیگیا، نائب صدر | محترمہ مارجوری فیرو | مسٹر رچرڈ میکڈونلڈ | |

**<u>ضلعی انتظامی عملہ</u>**

| | | |
|---|---|---|
| ڈاکٹر جوزف آر ولیمز | سپرنٹنڈنٹ | 630/260-6105 |
| ڈاکٹر محترمہ لونا ہینکوک | اسسٹینٹ۔ سپرنٹنڈنٹ آف ٹیچنگ اینڈ لرننگ | 260-6123/630 |
| ڈاکٹر جیمز سٹیلٹر | بزنس منیجر/CSBO | 260-6109/630 |
| محترمہ اینل جسٹینانو | انگلش لینگوئج لرننگ کی ڈائریکٹر | 630/260-6132 |
| محترمہ مشیل بونہم | خصوصی خدمات کی ڈائریکٹر | 630/260-6132 |

**<u>اسکولوں کا انتظامی عملہ</u>**

| | | |
|---|---|---|
| گلین سائیڈ مڈل اسکول | مسٹر ایڈورڈ گارزا، پرنسپل | 630/260-6112 |
| 1560 بلومنگڈیل روڈ | محترمہ جِل لوئی، اسسٹنٹ پرنسپل | |
| | محترمہ میلیزا میننگ، اسسٹینٹ پرنسپل | |
| امریکن ایلیمنٹری اسکول | محترمہ لورا مارزولو، پرنسپل | 630/260-6135 |
| 1629 پریزیڈینٹ اسٹریٹ | محترمہ جینیفر نیپراونک،، اسسٹنٹ پرنسپل | |
| گلین ہِل ایلیمنٹری اسکول | محترمہ جینیفر جوناس، پرنسپل | 630/260-6141 |
| 1324 بلومنگڈیل روڈ1525 بلومنگڈیل روڈ | محترمہ اسٹیفنی شیئر، اسسٹینٹ پرنسپل | |
| کوئین بی ارلی چائلڈ ہُڈ سنٹر | محترمہ سارہ پرائس، EC/Pre-K کوارڈینیٹر | 344-5601/630 |
| 1525 بلومنگڈیل روڈ | | |

**اسکول کے اوقات کار:**

| اسکول | پیر - جمعہ | |
|---|---|---|
| | آغاز | چھٹی |
| ایلیمنٹری (گلین ہل اور امریکانا) | صبح 8:20 | دن 3:00 |
| مارننگ کنڈرگارٹن (گلین ہل اینڈ امریکانا) *پورے دن کے پروگراموں کی وجہ سے ہمیشہ صبح کی کلاس نہیں ہو سکتی ہے۔ | صبح 8:20 | دن 11:30 |
| صبح کے وقت ارلی چائلڈ ہڈ اور پری کنڈرگارٹن (کوئین بی ارلی چائلڈ ہڈ سنٹر) | صبح 8:05 | دن 10:35 |
| بعد از دوپہر ارلی چائلڈ ہڈ اور پری کنڈرگارٹن (کوئین بی ارلی چائلڈ ہڈ سنٹر) | دن 12:20 | دن 2:50 |
| گلین سائیڈ مڈل اسکول | صبح 8:08 | دن 3:03 |

والدین سے گزارش ہے کہ وہ درج بالا معلومات کو نوٹ کریں۔ طالب علموں کو گھنٹی بجنے سے 15 منٹ سے زیادہ پہلے نہیں پہنچنا چاہیے، بصورت دیگر ایسا کرنے کا کہا نہ گیا ہو۔ اس وقت سے پہلے پہنچنے والے طلباء کی نگرانی نہیں کی جاتی۔ کسی بھی طالب علم کو استاد یا پرنسپل کی اجازت کے بغیر اسکول کے بعد اسکول میں موجود رہنے کی اجازت نہیں ہو گی۔ موسمی حالات کی تقاضے کے تحت، طلباء صبح 8:00 بجے عمارتوں میں داخل ہو سکیں گے۔

**تعلیمی سال کا کیلنڈر اور دن:**

تعلیمی بورڈ، سپرنٹنڈنٹ کی سفارش پر اور ریاستی ضوابط کے تحت، سالانہ بنیادوں پر کلاسز کھولنے اور بند کرنے، ٹیچر انسٹیٹیوٹ اور ان میں دستیاب خدمات، چھٹیوں کی تعداد اور تاریخیں اور اسکول کی قانونی طور پر مختص کردہ چھٹیوں کے طور پر نامزد شدہ دنوں کا تعین کرتا ہے۔ طالب علم کی حقیقی حاضری کے 176 دنوں کو یقینی بنانے کے لیے، اسکول کیلنڈر کم از کم 185 دن پر مشتمل ہونا چاہیے۔ BOE پالیسی 6:20

**حاضری:**

اسکول کی لازمی حاضری کی پالیسی ان افراد پر لاگو ہوتی ہے، جن کے پاس بچے کی تحویل یا دسترس موجود ہو: (a) چھ سال (1 ستمبر کو یا سے پہلے) اور 17 سال کی عمر کے درمیان (جب تک کہ بچہ ہائی اسکول سے فارغ التحصیل نہیں ہوتا) یا (b) عمر سے قطع نظر، جو کسی بھی گریڈ میں، کنڈرگارٹن تا گریڈ 8 تک، پبلک اسکول میں داخلہ لے رہا ہے۔ ریاستی قانون میں موجود مخصوص شرائط کے تحت، درج ذیل طلباء کو پبلک اسکول میں جانے کی ضرورت نہیں ہے: (1) ایسا بچہ جو کسی پرائیویٹ اسکول یا پیروکیئل اسکول میں جاتا ہو (2) ایسا بچہ جو جسمانی یا ذہنی طور پر اسکول جانے سے قاصر ہو (3) ایسا بچہ جو قانونی اور ضروری طور پر ملازم ہو (4) 12 سال سے زیادہ اور 14 سال سے کم عمر کا ایسا بچہ جو کنفرمیشن کلاسز میں ہو، اور (5) ایسا بچہ جو اس وجہ سے غیر حاضر ہو کیونکہاس کا مذہب کسی خاص دن سیکولر سرگرمی سے منع کرتا ہے یا اس لیے کہ اس کا مذہب کسی خاص دن یا دن کے وقت پر سیکولر سرگرمی سے منع کرتا ہے۔ اندراج شدہ طالب علم کے والدین/سرپرست کو تمام غیر حاضریوں کی اجازت اسکول سے لینی چاہیے اور اسکول کو پیشگی یا طالب علم کی غیر موجودگی کے وقت مطلع کرنا چاہیے۔ چونکہ تعلیمی بورڈ عمومی تعلیمی سال کے دوران چھٹیوں میں سیر تفریح کی حوصلہ شکنی کرتا ہے، لہٰذا اس نوعیت کی غیر حاضریوں کو بلاوجہ غیر حاضری تصوّر کیا جائے گا اور کسی بھی میک اپ کی اجازت نہیں ہو گی اور نہ ہی اسباق کے منصوبے فراہم کیے جائیں گے۔ چھٹی کے دوران چھوٹ جانے والے کام پر کوئی جرمانہ اور/یا صفر اسکور جاری نہیں کیا جائے گا۔ تاخیر کی انتہائی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے، کیونکہ یہ تعلیمی پروگرام کو متاثر کرتی ہے۔ طالب علم کی تاخیر کی صورت میں، اسے دفتر میں رپورٹ کر کے تاخیر کی پرچی لینی چاہیے۔ ضرورت سے زیادہ تاخیر کو بلاوجہ غیر حاضری سمجھا جا سکتا ہے۔ طلباء کو اسکول سے پہلے یا بعد میں کچھ وقت دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ BOE پالیسی 7:70

**فیسیں:**
سپرنٹنڈنٹ تعلیمی بورڈ کو فیسوں کے ایک شیڈول کی سفارش کرے گا، اگر کوئی ہوں، جو طلباء سے نصابی کتب، قابل استعمال مواد، غیر نصابی سرگرمیوں اور اسکول کی دیگر فیسوں کی مد میں وصول کی جاتی ہیں۔ طلباء کو اسکول کی کتب یا اسکول کے ملکیتی دیگر مواد کے کھونے یا نقصان کی ادائیگی بھی کرنی ہو گی۔

نصابی کتابوں اور دیگر تدریسی مواد کی فیسوں کے علاوہ اسکول کی املاک کے کھونے یا نقصان پر جرمانے، ایسے طلباء کو معاف کر دیے جاتے ہیں جو ضلعی پالیسی میں بیان کردہ چھوٹ کی اہلیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ والدین/سرپرستوں کو فیسوں اور/یا جرمانوں کے ہر بل کے ساتھ چھوٹ کے اطلاق کا نوٹس فراہم کرنا بھی یقینی بنائے گا اور یہ کہ چھوٹ کے لیے درخواستیں وسیع پیمانے پر دستیاب ہیں اور ریاستی قانون اور الینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) کے قاعدہ کے مطابق مہیا کی جاتی ہیں اور اس کے علاوہ درخواست مکمل کرنے میں والدین/سرپرستوں کی مدد کرنے کے انتظامات بھی موجود ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص ریاستی قانون کی شرائط کے مطابق، فیس کی چھوٹ کے حوالے سے طالب علم کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے ایک طریقہ کار کا تعین کرے گا۔ BOE پالیسی 4:140

**نقل و حمل:**
ڈسٹرکٹ ضلع میں رہنے والے درج ذیل طلباء کو مفت ٹرانسپورٹ فراہم کرے گا: (1) طالب علم کے اسکول سے ڈیڑھ میل یا اس سے زیادہ فاصلے تک، جب تک کہ تعلیمی بورڈ نے الینوائے اسٹیٹ تعلیمی بورڈ کو تصدیق نہ کر دی ہو کہ وہاں تک مناسب پبلک ٹرانسپورٹ دستیاب ہے، (2) اگر عوامی نقل و حمل کا کوئی بھی مناسب ذریعہ دستیاب نہیں ہو، تو اس کے اسکول سے ڈیڑھ میل کے فاصلے پر جہاں سے اسکول یا پک اپ پوائنٹ یا بس اسٹاپ تک پیدل جانے یا وہاں سے واپس آنے، یعنی دونوں میں سے کسی ایک کی وجہ سے اسے کوئی *سنگین حفاظتی خطرہ* ہو سکتا ہو بوجہ (a) گاڑیوں کی آمدورفت یا ریل کراسنگ یا (b) *کسی بھی دوسری مجرمانہ سرگرمیوں کا کوئی خدشہ یا نمونہ موجود ہو*، جیسا کہ III میں بیان کیا گیا ہے۔ اسٹریٹ گینگ ٹیررزم اومنی بس پریوینشن ایکٹ، ILCS 147 740/. ڈسٹرکٹ اپنے تفویض کردہ اسکول سے ڈیڑھ میل کے فاصلے پر رہنے والے دوسرے طلباء کے لیے بھی ٹرانسپورٹ فراہم کر سکتا ہے اور اس کے لیے ایک فیس چارج کر سکتا ہے۔ ایک طالب علم کے والدین/سرپرست (سرپرستان) بورڈ کے پاس ایک پٹیشن دائر کر سکتے ہیں، جس میں حفاظت کے سنگین خطرے کی وجہ سے نقل و حمل کی درخواست کی جا سکتی ہے۔ اگر طالب علم کے انفرادی تعلیمی پروگرام میں شامل ہو، تو خصوصی تعلیم کے طالب علم کو مفت ٹرانسپورٹیشن سروس اور اس کی ضرورت پوری کرنے والی گاڑی فراہم کی جاتی ہے۔ ڈسٹرکٹ اسکول کی طرف سے اسپانسر شدہ سرگرمیوں میں آنے اور جانے کے لیے ٹرانسپورٹ فراہم کر سکتا ہے۔ غیر سرکاری اسکول کے طلباء کو ریاستی قانون کے مطابق ٹرانسپورٹ فراہم کی جائے گی۔ بے گھر طلباء کو ایجوکیشن فار ہوم لیس چلڈرن ایکٹ کے سیکشن45/1-15 کے مطابق ٹرانسپورٹ فراہم کی جائے گی۔ فوسٹر کیئر کے طلباء کو ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ کے سیکشن 6312(c)(5)(B) کے مطابق ٹرانسپورٹ فراہم کی جائے گی۔

بس کے نظام الاوقات اور راستوں کا تعین بس کمپنی اور بزنس منیجر کی جانب سے کیا جائے گا اور صرف بزنس منیجر کی منظوری اور ہدایت پر ہی اس میں کوئی تبدیلی عمل میں لائی جائے گی۔ راستوں کی ترتیب میں، طلباء کو بٹھانے اور اتارنے کے مقامات ان کے لیے ممکنہ حد تک محفوظ ہوں گے۔ اسکول کا کوئی بھی ملازم طلباء کو اسکول کی گاڑیوں یا نجی گاڑیوں میں منتقل نہیں کر سکتا جب تک کہ انتظامیہ کی طرف سے اجازت نہ ہو۔ طلباء کی نقل و حمل کے لیے باقاعدگی سے استعمال ہونے والی ہر گاڑی کو ریاستی قانون اور الینوائے ڈیپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن کے ضوابط کے مطابق حفاظتی معائنہ پاس کرنا چاہیے۔ بزنس منیجر دیگر ضلعی شراکت داروں کے ساتھ مل کر سروس کی کارکردگی میں اضافہ کے علاوہ لوڈنگ اور روٹ بیلنسنگ کے مقصد کے تحت طلبہ کی سواریوں کی تعداد کو بڑھا سکتا ہے اور راستوں کو 1.5 میل سے کم بھی کر سکتا ہے۔ BOE پالیسی 4:110

حفاظتی وجوہات کی بناء پر، اسکول کے اوقات کے دوران طالب علم کو درج ذیل صورتوں میں چھوڑنے سے پہلے، اس کے والدین/سرپرست کی پیشگی تحریری یا زبانی رضامندی ضروری ہے: (1) باقاعدہ چھٹی کے وقت سے پہلے یا اسکول کے باضابطہ طور پر بند ہونے سے پہلے کسی بھی وقت اور/یا (2) سرپرست والدین/سرپرست کے علاوہ کسی دوسرے شخص کے ساتھ۔

**فوڈ سروسز:**
ڈسٹرکٹ کے کھانے کے پروگراموں اور دیگر کھانے اور مشروبات، جو اسکول کے دوران طلباء کو فروخت کیے جاتے ہیں ان میں اچھی غذائیت کو فروغ دیا جائے گا۔ سپرنٹنڈنٹ ایک ایسے فوڈ سروس پروگرام کا انتظام کرے گا، جو اس پالیسی کی تعمیل کرتا ہو اور اسکول بورڈ کی پالیسی 6:50 ، جو *سکول ویلنس کی شرائط پر بھی پورا اترتا ہو*۔

وفاقی قانون کے تحت قابل بامعاوضہ کھانے کے حصے کے طور پر طالب علموں کو فروخت کی جانے والی خوراک یا مشروبات کو امریکی محکمہ زراعت کے قواعد میں متعین غذائیت کے معیارات پر عمل کرنا چاہیے جو نیشنل اسکول لنچ اینڈ چائلڈ نیوٹریشن ایکٹس کو نافذ کرتے ہیں۔ ان قوانین کے تحت جن اسکولوں کو کھانے کے لیے معاوضہ دیا جاتا ہے وہ حصہ *لینے والے اسکول* ہیں۔ BOE پالیسی 4:120

**طالب علم کی صحت، حادثات اور بیماری:**

طالب علم کے والدین/سرپرست (سرپرستان) اس بات کا ثبوت پیش کریں گے کہ طالب علم نے پچھلے ایک سال کے اندر، الینوائے ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ہیلتھ (IDPH) کی جانب سے مطلوبہ امراض کے خلاف، حفاظتی ٹیکوں کے ثبوت کے ساتھ، صحت کا معائنہ کروایا ہے، درج ذیل سے پہلے:

1. کنڈرگارٹن یا فرسٹ گریڈ میں داخل ہونے
2. چھٹے گریڈ میں داخل ہونے؛ اور
3. الینوائے کے کسی بھی اسکول میں داخلہ لینا، طالب علم کے گریڈ سے قطع نظر

ریاستی قانون اس بارے میں ضوابط فراہم کرتا ہے کہ کون سے حفاظتی ٹیکے اور/یا اسکریننگ لازمی ہیں، ڈسٹرکٹ/اسکول نرس والدین کو یہ معلومات فراہم کرے گی۔ BOE پالیسی 7:100

**اسکول سے اخراج:**

موجودہ تعلیمی سال کے دوران 15 اکتوبر تک مذکورہ بالا تقاضوں کی تعمیل کرنے میں ناکامی پر، طالب علم کو اسکول سے خارج کر دیا جائے گا جب تک کہ صحت کے مطلوبہ فارم ڈسٹرکٹ کو پیش نہیں کیے جاتے، ماسوائے یہ کہ اسے کوئی استثنیٰ یا توسیع دی گئی ہو۔ ایسے نئے طلباء جو موجودہ تعلیمی سال کے 15 اکتوبر کے بعد رجسٹر ہوں گے، ان کے پاس داخلے کے بعد 30 دن کا وقت ہو گا، جس میں وہ صحت کے معائنے اور حفاظتی ٹیکوں کے ضوابط کی تعمیل کر سکیں گے۔ ضوابط کی تعمیل میں ناکامی کی وجہ سے اسکول سے اخراج کے بارے میں تفصیلات ڈسٹرکٹ کی سرٹیفائیڈ اسکول نرس فراہم کر دے گی۔ BOE پالیسی 7:100

**آنکھوں کا معائنہ:**

والدین/سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ جب بھی صحت کے معائنے کی ضرورت ہو، تو وہ اپنے بچوں کی آنکھوں کا معائنہ بھی کروائیں۔ کنڈرگارٹن یا الینوائے کے کسی بھی اسکول میں پہلی بار داخل ہونے والے طلباء کے والدین/سرپرست موجودہ تعلیمی سال کے 15 اکتوبر سے پہلے یہ ثبوت پیش کریں گے کہ طالب علم نے کنڈرگارٹن یا اسکول میں داخلے سے پہلے ایک سال کے اندر آنکھوں کا معائنہ کروایا تھا۔ اپنی تمام شاخوں میں طبی خدمات انجام دینے کے لیے لائسنس یافتہ ڈاکٹر یا لائسنس یافتہ آپٹومیٹرسٹ کو آنکھوں کا مطلوبہ معائنہ کرنا چاہیے۔ BOE پالیسی 7:100

**دانتوں کا معائنہ:**

کنڈرگارٹن اور دوسرے اور چھٹے گریڈ کے تمام بچوں کو الینوائے ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ہیلتھ کے اختیار کردہ قواعد و ضوابط کے مطابق موجودہ تعلیمی سال کے دوران 15 مئی سے پہلے دانتوں کے لائسنس یافتہ ڈاکٹر سے معائنہ کروانے کا ثبوت پیش کرنا ہو گا۔ اگر دوسرے یا چھٹے گریڈ کا کوئی بچہ 15 مئی تک ثبوت پیش نہیں کرتا، تو اسکول اس وقت تک بچے کا رپورٹ کارڈ اپنے پاس رکھ سکتا ہے جب تک کہ بچہ درج ذیل ثبوت پیش نہیں کر دیتا: (1) دانتوں کا مکمل شدہ معائنہ یا (2) یہ کہ دانتوں کا معائنہ 15 مئی کے بعد سے، 60 دنوں کے اندر مکمل کر لیا جائے گا۔ سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص یقینی بنائے گا کہ والدین/سرپرستوں کو دانتوں کے معائنہ کی اس شرط کے بارے میں ہر تعلیمی سال کے 15 مئی سے کم از کم 60 دن پہلے مطلع کیا جائے۔ BOE پالیسی 7:100

**استثنٰات:**

الینوائے ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ہیلتھ کے اختیار کردہ قواعد کے مطابق، ایک طالب علم کو درج ذیل صورتوں میں اس پالیسی کی شرائط سے مستثنیٰ رکھا جائے گا:

1. مذہبی وجوہات پر، بشرطیکہ طالب علم کے والدین/سرپرست IDPH کا مذہبی استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شخص کو پیش کرتے ہیں۔
2. طبی بنیادوں پر صحت کا معائنہ یا حفاظتی ٹیکوں میں چھوٹ، بشرطیکہ معائنہ کرنے والا معالج، ایڈوانس پریکٹس رجسٹرڈ نرس یا فزیشن اسسٹنٹ تحریری تصدیق فراہم کرے۔
3. آنکھوں کے معائنے میں چھوٹ، اگر طالب علم کے والدین/سرپرست کے لیے، اپنی تمام شاخوں میں علاج فراہم کرنے والے کسی لائسنس یافتہ ڈاکٹر جو آنکھوں کا معائنہ کرتا ہے یا لائسنس یافتہ آپٹومیٹریسٹ کے پاس جانا غیر ضروری بوجھ ہو یا رسائی کا مسئلہ ہو۔
4. دانتوں کے معائنے میں چھوٹ، اگر طالب علم کے والدین/سرپرست کے لیے، کسی ڈینٹسٹ کے پاس جانا غیر ضروری بوجھ ہو یا رسائی کا مسئلہ ہو۔

BOE پالیسی 7:100

**اسکول میں ادویات:**

طلباء کو اسکول کے اوقات کے دوران یا اسکول کی سرگرمیوں کے دوران کوئی دوا نہیں لینی چاہیے، ماسوائے یہ کہ یہ طالب علم کی صحت اور تندرستی کے لیے لازمی ہو۔ اگر کسی طالب علم کا لائسنس یافتہ نگہداشتِ صحت کا فراہم کنندہ اور والدین/سرپرست یہ سمجھتے ہوں کہ اسکول کے اوقات میں یا اسکول کی سرگرمیوں کے دوران طالب علم کے لیے کوئی دوا لینا ضروری ہے، تو والدین/سرپرست کو چاہیے کہ وہ اس حوالے سے اسکول سے درخواست کریں، بصورت دیگر انہیں ادویات لینے کے بارے میں ضلع کے طریقہ کار پر عمل کرنا ہو گا۔ اسکول ڈسٹرکٹ کا کوئی بھی ملازم کسی طالب علم کو اس وقت تک کوئی دوا نہیں دے گا اور نہ ہی نسخے یا بغیر نسخے کی کوئی دوا لینے میں بچے کی نگرانی کرے گا، تاوقتیکہ طالب علم کے والدین/سرپرست کی جانب سے مکمل اور دستخط شدہ "اسکول میڈیکیشن آتھرائزیشن فارم" جمع نہ کرایا جائے۔ BOE پالیسی 7:270

**ادویات خود لینا:**

طالب علم اپنی مرضی سے استعمال کرنے کے لیے ایپی نیفرین آٹو انجیکٹر (EpiPen®) اور/یا دمہ کے لیے تجویز کردہ کوئی دوا اپنے پاس رکھ سکتا ہے اور خود استعمال کر سکتا ہے، بشرطیکہ طالب علم کے والدین/سرپرست نے "اسکول میڈیکیشن آتھرائزیشن فارم" کو مکمل کیا ہو اور اس پر دستخط کیے ہوں۔ ضلع پر کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی، ماسوائے ارادی اور غیر ارادی پریشان کن طرز عمل کے، جو طالب علم کے خود ادویات لینے کہ وجہ سے پیدا ہو اور اس کے نتیجے میں پہنچنے والی کوئی چوٹ، بشمول دمہ کی دوا یا ایپی نیفرین آٹو انجیکٹر یا جو دوا کوالیفائنگ پلان کے تحت درکار ہو۔ طالب علم کے والدین/سرپرست کو کسی بھی دعوے کے خلاف ضلع اور اس کے ملازمین اور ایجنٹوں کو کسی بھی قسم کے نقصان اور ضرر کے لیے ذمہ دار نہیں ٹھہرا سکتے، ماسوائے کسی ایسے دعوے کے جو جان بوجھ کر اور کسی بے قاعدگی کے نتیجے میں واقع ہوا ہو، جو کہ کسی طالب علم کی جانب سے ایپینفرین آٹو انجیکٹر، دمہ کی دوا کے خود سے استعمال کرنے اور/یا کوالیفائنگ پلان کے تحت ہو۔ BOE پالیسی 7:270

**طالب علم کی بیماری/حادثات:**

بورڈ اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ والدین/سرپرست ضلعی ملازمین سے جان لیوا حالات کی صورت میں طلباء کی ہنگامی دیکھ بھال کو روکنے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔ تاہم، یہ اس ضلع کی پالیسی ہے کہ جب ضلع میں زیر تعلیم کوئی بھی طالب علم اگر اچانک بیمار ہو جاتا ہے یا اسے کوئی چوٹ لگ جاتی ہے، تو ضلع کا عملہ زندگی کو بچانے اور معذوری کو روکنے کے لیے ہنگامی صحت کی دیکھ بھال فراہم کرے گا۔ "ڈو ناٹ ریسسیکیٹ " ("DNR") کے آرڈرز یا زندگی کو بحال رکھنے والے کسی بھی دیگر علاج کو ترک کرنے کے دیگر آرڈرز کو اسکول کے عملے کی طرف سے عدالت یا کسی بھی دوسری مناسب سرکاری ایجنسی کے آرڈر کی وجہ سے خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ ضلع کا عملہ ہنگامی طبی عملے کو اس طرح کے آرڈرز اس وقت فراہم کر دے گا جب وہ کوئنز بی اسکول ڈسٹرکٹ کے طلباء کے لیے اپنی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ والدین/سرپرست جو اس طرح کے آرڈرز جمع کراتے ہیں ان کو درج ذیل طریقہ کار کے بارے میں مشورہ دیا جائے:

- جب کوئنز بی کے عملے کو والدین/قانونی سرپرست سے اطلاع موصول ہوتی ہے کہ ایسا آرڈر دیا جا رہا ہے، تو بلڈنگ پرنسپل والدین/سرپرست کو مطلع کرے گا کہ ڈسٹرکٹ کسی بھی ایسی درخواست کو خاطر میں نہیں لائے گا اور انہیں اس پالیسی کی ایک کاپی فراہم کی جائے گی۔
- آرڈر فوری طور پر طالب علم کی میڈیکل فائل میں رکھا جائے گا۔
- ایمرجنسی ریسکیو طریقہ کار (مثلاً CPR، AED) میں تربیت یافتہ ضلعی اہلکاروں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کسی حادثے، دم گھٹنے، سانس لینے اور/یا جان لیوا ہنگامی صورت حال میں طالب علم کو ابتدائی طبی امداد فراہم کریں گے، جس میں زندگی بچانے والی بحالی کا عمل بھی شامل ہے۔
- کمیونٹی ایمرجنسی ریسکیو اہلکاروں (911) کو فوری طور پر بلایا جائے گا اور اسکول کے اہلکار اس وقت تک بحالی کے طریقہ کار کو جاری رکھیں گے جب تک کہ ایمرجنسی ریسکیو اہلکاروں پہنچ نہ جائیں۔
- طالب علم کے زخمی ہونے کے بعد طالب علم کے والدین/قانونی سرپرست سے فوری طور پر یا جلد از جلد رابطہ کیا جائے گا، جس میںہنگامی طبی امداد کی ضرورت ہو گی۔ اگر والدین/سرپرستوں سے رابطہ نہ ہو سکے، تو بچے کی طالب علم کی معلومات کی فائل میں درج شدہ دیگر ہنگامی نمبروں پر کال کی جائے گی۔
- جب ایمرجنسی ریسکیو اہلکار اسکول میں پہنچیں گے، تو اسکول کے ملازمین طالب علم کی ذمہ داری ہنگامی اہلکاروں کو منتقل کریں گے اور ساتھ ہی ایمرجنسی ٹیم کو آرڈر کی ایک کاپی بھی فراہم کریں گے۔
- ایک بار جب طالب علم اسکول سے ایمرجنسی روم یا طبی سہولت کی جانب بھیج دیا جاتا ہے، تو اس کے بعد آرڈر والدین/سرپرست اور معالجین کی ذمہ داری بن جاتا ہے۔
- اس آرڈر پر طالب علم کے انفرادی تعلیمی پروگرام یا سیکشن 504 پلان میں توجہ دی جا سکتی ہے۔ BOE پالیسی 7:275

براہ کرم یقینی بنائیں کہ اسکول کے پاس آپ کا کارآمد ہنگامی رابطہ نمبر موجود ہونا چاہیے، جس پر کال کی جا سکتی ہو اور کسی بھی تبدیلی کی اطلاع اسکول کے دفتر کو فوری طور پر دی جانی چاہیے۔ ہمیں ہر بچے کی فائل کے لیے دو (2) ایمرجنسی نمبر درکار ہوتے ہیں۔

**الرجی کی پالیسی:**

اسکول میں حاضری سے بچے کے الرجی کے خطرے میں اضافہ ہو سکتا ہے، جو زود حسی کو متحرک کر سکتا ہے۔ جب کوئی بچہ اسکول میں موجود ہوتا ہے، تو ڈسٹرکٹ کے لیے اس کے زود حسی کے ہنگامی خطرے کو مکمل طور پر ختم کرنا ممکن نہیں ہوتا اور زود حسی کا تدارکی اور نمٹنے کا ایک پروگرام جو طالب علموں کے خاندانوں، عملے کے اراکین، طلباء اور نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان کے درمیان باہمی تعاون پر مبنی کوشش سے تیار کیا گیا ہو، مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ ضلع ان خطرات کو کم کرنے اور زود حسی کے رد عمل میں معاونت اور مناسب علاج فراہم کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ BOE پالیسی 7:285

**تندرستی کی پالیسی:**

طالب علم کی تندرستی، بشمول اچھی غذائیت اور جسمانی سرگرمی، کو ضلع کے تعلیمی پروگرام، اسکول میں انجام دی جانے والی سرگرمیوں اور کھانے کے پروگراموں میں فروغ دیا جائے گا۔ اس پالیسی کی تشریح، چائلڈ نیوٹریشن اینڈ WIC ری آتھورائزیشن ایکٹ 2004 کے سیکشن 204 اور ہیلدی ہنگر فری کِڈز ایکٹ 2010 (HHFKA) کے مطابق کی جائے گی۔ BOE پالیسی 6:50

**وزیٹر پالیسی:**

اسکول میں آنے والے تمام مہمانوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ بلڈنگ پرنسپل کے دفتر یا اسکول کے دیگر تفویض شدہ عملے کو رپورٹ کریں اور اسکول کے احاطے میں رہنے کی اجازت طلب کریں۔ تمام وزیٹرز کو وزیٹر کے لاگ پر دستخط کرنا، اپنی شناخت ظاہر کرنا اور وزیٹر کا بیج پہننا چاہیے۔ اسکول سے نکلتے وقت، وزیٹرز کو اپنا بیج واپس کرنا چاہیے۔ ایسے مواقع پر جب والدین/سرپرستوں، دوستوں، اور/یا کمیونٹی کے افراد کے بڑے گروپوں کو اسکول کی جائیداد پر مدعو کیا جاتا ہے یا جب کمیونٹی ممبران بورڈ میٹنگز میں شرکت کر رہے ہوتے ہیں، تو مہمانوں کو سائن ان کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی لیکن انہیں اسکول کے عملے کی جانب سے دی جانے والی ہدایات پر لازمی عمل کرنا ہوتا ہے۔ اجازت کے بغیر اسکول کے احاطے میں آنے والے افراد کو نکل جانے کی ہدایت کی جائے گی اور ان پر فوجداری مقدمہ بھی چلایا جا سکتا ہے۔

کوئی بھی شخص جو عملے کے کسی ممبر سے بات کرنا چاہتا ہو، اسے اپائنٹمنٹ کے لیے عملے کے اس ممبر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اساتذہ کے ساتھ کانفرنسیں، جہاں تک ممکن ہو اسکول کے اوقات کار سے باہر یا اساتذہ کی کانفرنس/تیاری کے دوران منعقد کی جاتی ہیں۔ رسائی کی سہولت، سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ ممبر کی رہنما ہدایات کے مطابق دی جائے گی۔ BOE پالیسی 8:30

**بچوں سے جنسی جرائم کا سزا یافتہ مجرم:**
ریاستی قانون بچوں سے متعلق جنسی جرائم کے مجرم کو اسکول کے احاطے میں آنے یا وہاں 18 سال سے کم عمر بچے موجود ہونے کی صورت میں مجرم کو اسکول کے احاطے سے 500 فٹ کے اندر آنے کی اجازت نہیں دیتا، ماسوائے یہ کہ مجرم کو الینوائے اسٹیٹ کوڈ میں بیان کردہ کوئی استثنیٰ حاصل ہو۔ مجرم اسکول داخل شدہ کسی طالب علم کا والدین/سرپرست ہو اور اس نے بلڈنگ پرنسپل کو اسکول میں درج ذیل معاملات کے حوالے سے اپنی موجودگی کے بارے میں پیشگی طور پر مطلع کیا ہو: (i) اس کے یا اس کے بچے کی تعلیمی یا سماجی طور پر پیشرفت پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے اسکول کے عملے کے ساتھ ایک کانفرنس میں شرکت کرنا، (ii) بچوں کی جائزہ کانفرنسوں میں شرکت کرنا جس میں خصوصی تعلیمی خدمات کے حوالے سے اس کے بچے کی تشخیص اور داخلے کے فیصلے کیے جا سکتے ہوں یا (iii) طالب علم کے دیگر مسائل پر بات چیت کرنے کے لیے کانفرنسوں میں شرکت کرنا مثلاً اس کے بچے کو برقرار رکھنا اور ان کی پروموشن کرنا؛ the offender received یا مجرم کو بورڈ، سپرنٹنڈنٹ یا سپرنٹنڈنٹ کی جانب سے نامزد کردہ کسی ملازم کی جانب سے حاضر ہونے کی اجازت دی گئی ہو۔ اگر پیشگی اجازت دی گئی ہو، تو سپرنٹنڈنٹ یا بورڈ کا صدر مجرم کے آنے کے بارے میں بلڈنگ پرنسپل کو تفصیلات سے آگاہ کریں گے۔ تمام صورتوں میں، سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص جو ایک مصدقہ ملازم ہو گا، ایسے مجرم کے موجود ہونے کی صورت میں، وہ بچوں کی نگرانی کرے گا۔ BOE پالیسی 8:30

**وزیٹر پالیسی کا نفاذ:**
عملے کا کوئی بھی ممبر اسکول کے احاطے میں موجود کسی بھی شخص سے اس کی شناخت طلب کر سکتا ہے؛ ایسی معلومات فراہم کرنے سے انکار ایک مجرمانہ فعل ہو گا۔ بلڈنگ پرنسپل یا نامزد شدہ شخص ایسے شخص کو فوری طور پر باہر نکل جانے کا کہے گا جو درخواست کردہ شناخت فراہم کرنے سے انکار کرتا ہے۔ اس پالیسی کے تحت ممنوعہ طرز عمل میں ملوث شخص کو اسکول سے باہر نکالا جا سکتا ہے۔ اس شخص کو ایک کیلنڈر سال تک اسکول کی تقریبات یا میٹنگز میں شامل ہونے سے بھی انکار کیا جا سکتا ہے۔ BOE پالیسی 8:30

**طلباء کا طرز عمل:**
تمام طلباء اسکول میں موجودگی کے دوران اپنی عمر اور پختگی کے مطابق امریکہ اور الینوائے کے آئین اور قوانین کے تحت محفوظ کردہ حقوق سے لطف اندوز ہونے کے حقدار ہیں۔ طلباء کو اپنے حقوق کو معقول طریقے سے استعمال کرنا چاہیے اور دوسروں کے حقوق کی خلاف ورزی سے گریز کرنا چاہیے۔ وہ طلباء جو دوسروں کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہیں یا ضلعی پالیسیوں یا قواعد کی خلاف ورزی کرتے ہیں، ان کے خلاف تادیبی اقدامات کیے جائیں گے۔
طلباء، اسکول کے دن کے دوران، غیر تدریسی وقت میں، رضاکارانہ طور پر کسی بھی انفرادی یا اجتماعی دعا یا مذہبی اجتماعات وغیرہ، جو دوسروں کے لیے خلل کا باعث نہ ہوں، میں شامل ہو سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ امریکہ اور الینوائے کے آئین کی آزادانہ مشق اور قیام کی شقوں کے مطابق ہوں، اسپانسر شدہ نہ ہوں اور اسکول یا اسکول کے کسی بھی ملازم کی حمایت یا تائید سے انجام نہ دی جا رہی ہوں۔ *غیر تدریسی* وقت کا مطلب ہے اسکول کی طرف سے کلاس روم میں اصل تدریس شروع ہونے سے پہلے یا تدریس ختم ہونے کے بعد کا مقرر کردہ وقت۔ BOE پالیسی 7:130

گریڈ لیول سنٹرز میں سے ہر ایک کا ایک ضابطہ اخلاق ہوتا ہے، جو تادیبی کارروائی کے نفاذ کو منظم کرتا ہے۔ والدین اور طالب علموں کو اس دستاویز کو پڑھنا اور اسکول کو ایک دستخط شدہ دستاویز واپس کرنا ہو گی، جس میں وہ پروگرام کو سمجھنے کا اقرار کریں گے، بشمول اسکول کی توقعات سے متضاد طرز عمل میں ملوث ہونے کے نتائج۔ یہ ضابطہ اخلاق معطلی، اخراج اور فیصلوں کے خلاف اپیل کرنے سے متعلق تمام طریقہ ہائے کار کا خاکہ پیش کرتا ہے۔ ضابطہ اخلاق کو ریاستی اور وفاقی پالیسی کے تحت منظم کیا جاتا ہے، جس کا خاکہ ضلع کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

**دھونس، دھمکی اور ہراساں کرنے کی روک تھام اور اس پر کاروائی:**
دھونس دینا، دھمکانا اور ہراساں کرنا طالب علم کی سیکھنے کی صلاحیت اور اسکول کی تعلیم دینے کی صلاحیت کو کم کر دیتا ہے۔ طلباء کو ایسے خلل انگیز رویوں میں ملوث ہونے سے روکنا اور تمام طلباء کو ایک محفوظ اور پرسکون تعلیمی ماحول تک مساوی رسائی فراہم کرنا، ضلع کے اہم اہداف میں شامل ہے۔

کسی شخص اصلی یا ادراکی نسل، رنگ، قومی اصل، فوجی حیثیت، فوجی سروس سے اخراج کی ناموافق حیثیت، جنس، جنسی رجحان، صنفی شناخت، جنس سے متعلقہ شناخت یا اظہار، حسب نسب، عمر، مذہب، جسمانی یا ذہنی معذوری، تحفظ کی حیثیت کا حکم، بے گھر ہونے کی حیثیت یا حقیقی یا ممکنہ ازدواجی حیثیت یا والدین ہونے کی حیثیت، بشمول حمل، کسی شخص یا گروہ کے ساتھ تعلق جو مذکورہ بالا اصل یا ادراکی خصوصیات میں سے کسی ایک یا زیادہ پر مشتمل ہو، کی بنیاد پر ہر قسم کا امتیازی سلوک ممنوع ہے، جو مندرجہ ذیل حالات میں سے ہر ایک لاگو ہوتا ہے:

1. کسی بھی اسکول کے زیر اہتمام کسی تعلیمی پروگرام یا سرگرمی کے دوران
2. اسکول کے اندر، اسکول کے احاطے میں، اسکول کی بسوں یا اسکول کی دیگر گاڑیوں پر، اسکول بس کے انتظار کے لیے نامزد کردہ اسکول بس اسٹاپوں پر یا اسکول کے زیر اہتمام یا اسکول سے منظور شدہ تقریبات یا سرگرمیوں میں
3. اسکول کے کمپیوٹر، اسکول کے کمپیوٹر نیٹ ورک یا اسی طرح کے اسکول کے دیگر الیکٹرانک آلات سے معلومات کی ترسیل کے ذریعے
4. کسی ایسے کمپیوٹر سے معلومات کی ترسیل، جس تک رسائی اسکول کے علاوہ دیگر کسی مقام، سرگرمی، فنکشن یا پروگرام یا ٹیکنالوجی یا الیکٹرانک ڈیوائس کے استعمال سے کی جاتی ہو اور وہ اسکول ضلع یا اسکول کی ملکیت، لیز پر یا استعمال میں نہ ہو، بشرطیکہ اس طرح کی غنڈہ گردی تعلیمی عمل یا اسکول کے منظم افعال میں خاطر خواہ حد تک رکاوٹ کا باعث بنتی ہو۔ اس آئٹم (4) کا اطلاق صرف ان صورتوں میں ہوتا ہے، جن میں اسکول کے منتظم یا استاد کو یہ رپورٹ موصول ہو کہ اس طریقہ سے جو غنڈہ گردی ہوئی ہے اس کے لیے ضلع یا اسکول کو عملہ مامور کرنے اور کسی بھی سرگرمی، تقریب یا پروگرام کی نگرانی کی ضرورت نہیں ہے

غنڈہ گردی، بشمول سائبر غنڈہ گردی کو اسکول کوڈ (105 ILCS 5/27-23.7) کے سیکشن 23.7-27 میں بیان کی گیا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص غنڈہ گردی کی روک تھام اور کاروائی کا ایک منصوبہ تیار کرے گا اور اسے برقرار رکھے گا، جو تمام طلباء کو غنڈہ گردی اور ہراسانی سے پاک تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے ضلع کے ہدف کو پورا کرتا ہو اور اس میں بیرونی نظم و ضبط کے متبادل کے طور پر بحالی کے اقدامات بھی شامل ہیں۔ کوئی بھی شخص، بشمول عملے کے ممبران اور والدین/سرپرست، جن کے پاس غنڈہ گردی کے واقعہ یا دھمکی کے بارے میں معلومات موجود ہوں، تو اس کی اطلاع ضلع کے نامزد افسران یا عملے کو دی جانی چاہیے۔ بلڈنگ پرنسپل شکایت منیجر کے طور پر کام کرتے ہیں۔ گمنام رپورٹس بھی قبول کی جاتی ہیں۔ BOE پالیسی 7:180

**مطلوبہ اطلاعات**

**رہائش:**

صرف ضلع کے رہائشی طلباء ہی ضلع کے اسکول میں بغیر ٹیوشن فیس کے داخلہ لے سکتے ہیں، ماسوائے درج ذیل کے یا جو ریاستی قانون کے مطابق ہو۔ طالب علم کی رہائش اسی شخص کے ساتھ ہو، جس کو طالب علم کی قانونی تحویل دی گئی ہے۔ ایسا شخص جو کسی طالب علم کی قانونی تحویل کا دعویدار ہو اور وہ بچے کے فطری یا گود لینے والے والدین میں سے نہ ہوں، تو وہ ایک دستخط شدہ بیان مکمل کرے گا، جس میں درج ذیل اقرار کیا جائے گا: (a) یہ کہ اس نے بچے کی قانونی ذمہ داری قبول کی ہوئی ہے اور اس پر عمل بھی کر رہا/رہی ہے (b) بچہ اس کے ساتھ محض ضلع میں تعلیم کے حصول کے لیے رہائش پذیر ہے اور (c) یہ کہ وہ بچے کے حوالے سے روزانہ کے تعلیمی اور ہنگامی صورت حال مین طبی فیصلے کرنے پر مکمل کنٹرول رکھتا/رکھتی ہے۔

اگر سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شخص اس بات کا تعین کرتا ہے کہ بغیر ٹیوشن فیس کے اسکول آنے والا طالب علم ضلع کا رہائشی نہیں ہے اور اس سے ٹیوشن وصول کرنا ضروری ہے، تو وہ تعلیمی بورڈ کی جانب سے اس شخص کو ٹیوشن کی واجب الادا رقم کے بارے میں مطلع کرے گا جس نے بچے کو وہاں پر داخل کرایا ہے۔ نوٹس میں ان مخصوص وجوہات کی تفصیل دی جائے گی جن کی وجہ سے بورڈ یہ سمجھتا ہے کہ طالب علم ضلع کا رہائشی نہیں ہے اور اسے تصدیق شدہ ڈاک بمعہ واپسی رسید بھیجی جائے گی۔ جس شخص نے طالب علم کا اندراج کرایا ہو، وہ اس فیصلے کو چیلنج کر سکتا ہے اور اسکول کوڈ، 105 ILCS 5/10-20.12b کے تحت ایک سماعت کی درخواست کر سکتا ہے۔

ایسا طالب علم جس کا خاندان تعلیمی سال کے دوران ضلع سے باہر چلا جاتا ہے، تو اسے سال کے بقیہ حصے میں ٹیوشن کی ادائیگی کے بغیر اسکول جانے کی اجازت ہو گی۔ اگر طالب علم کی رہائش کی تبدیلی اس کے قانونی سرپرست کی فوجی خدمات کی ذمہ داری کی وجہ سے ہو، تو طالب علم کی رہائش گاہ کو سرپرست کی فوجی خدمت کی ذمہ داری کی مدت کے دوران غیر تبدیل شدہ سمجھا جائے گا، بشرطیکہ طالب علم کے سرپرست نے تحریری درخواست کی ہو۔ تاہم، ضلع طالب علم کے اسکول آنے جانے کے لیے درکار ٹرانسپورٹ کے لیے ذمہ دار نہیں ہو گا۔

اگر، اندراج کے وقت، فوجی اہلکاروں کے زیر کفالت بچے کو ضلع سے باہر موجود کسی عارضی رہائش گاہ میں رکھا گیا ہو لیکن ابتدائی اندراج کے وقت کے بعد سے اسے چھ ماہ تک ضلع کے اندر رہائش پذیر ہونا ہو، تو ایسے بچے کو، ریاستی قانون کی شرائط کے مطابق، داخلے کی اجازت ہو گی اور اس سے ٹیوشن فیس وصول نہیں کی جائے گی۔ BOE پالیسی 7:60

**بے گھر بچے:**

کسی بھی بے گھر بچے کو فوری طور پر داخل کیا جائے گا، یہاں تک کہ اگر بچہ یا بچے کے والدین/سرپرست عام طور پر رہائش کے تعین کے لیے درکار ریکارڈ پیش کرنے سے قاصر بھی ہوں۔ "بے گھر بچوں اور نوجوان" کی اصطلاح کی تعریف میک کنے وینٹو ایکٹ کے مطابق کی گئی ہے، جس کے مطابق یہ ایسے افراد ہیں جن کے پاس رات کے لیے ایک مقررہ، باقاعدہ اور مناسب

رہائش موجود نہیں ہو۔ تعلیمی بورڈ پالیسی 6:140، کے مطابق بے گھر بچوں کی تعلیم اور اس کے نفاذ کا انتظامی طریقہ کار اور بے گھر بچوں کے اندراج کو کنٹرول کیا جاتا ہے۔ BOE پالیسی 7:60

**بے گھر طلباء کے تعلیمی حقوق:**
اسکول ڈسٹرکٹ کے لیے لازمی ہے کہ وہ کسی شخص کو "بے گھر افراد کا رابطہ کار" مقرر کرے۔ رابطہ کار شخص بے گھر افراد کو داخلہ کے مسائل میں مدد، بچوں کی جانب سے ٹرانسپورٹ کی درخواست، حفاظتی ٹیکوں یا ان کے ریکارڈ اور پیدائشی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے میں مدد اور سکول ڈسٹرکٹ کے ساتھ تنازعات میں ثالثی میں مدد دے سکتا ہے۔ وہ بغیر والدین یا سرپرستوں کے نوجوانوں کی مدد کے لیے بھی دستیاب ہوتا ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا خاندان بے گھری کی خدمات کے لیے اہل ہے یا آپ کے خاندان کو مالی مشکلات کا سامنا ہے، تو براہ کرم اپنے اسکول کے پرنسپل یا اپنے اسکول کے سماجی کارکن سے رابطہ کریں۔ آپ کی معلومات کو ہمیشہ رازدارانہ رکھا جائے گا۔

ضلعی رابطہ کار: محترمہ مشیل بونہم 260-6132/630 mbonham@queenbee16.org
DuPage ROE ہوم لیس سٹوڈینٹ ایڈووکیٹ: محترمہ ہیدر برٹن 630/514-1389

**سٹوڈینٹ ریکارڈز:**
اسکول کے طالب علم کے ریکارڈ خفیہ ہیں۔ ان کی معلومات کسی کو بھی فراہم نہیں کی جائیں گی، ماسوائے قانونی تقاضوں کے۔ طالب علم کا ریکارڈ کسی بھی طالب علم کے متعلق کوئی تحریری یا دیگر ریکارڈ شدہ معلومات ہوتی ہیں اور اس سے طالب علم کی انفرادی شناخت کی جا سکتی ہے، جسے اسکول یا اس کا کوئی ملازم سنبھالتا ہے، اس سے قطع نظر کہ معلومات کیسے یا کہاں محفوظ کی جاتی ہیں، ماسوائے جیسا ریاستی یا وفاقی قانون میں بیان کیا گیا ہو۔ ضلع قانون کی اجازت کے مطابق ڈائریکٹری کی معلومات جاری کر سکتا ہے، لیکن والدین/سرپرست کو اپنے بچے سے متعلق ڈائریکٹری معلومات کے اجراء سے انکار کا حق حاصل ہو گا۔ BOE پالیسی 7:340

**عدم امتیاز:**
کسی بھی طالب علم کے رنگ، نسل، قومیت، مذہب، جنس، جنسی رجحان، حسب نسب، عمر، کوئی جسمانی یا ذہنی معذوری، صنفی شناخت، بے گھر ہونے کی حیثیت، امیگریشن کی حیثیت، تحفظ کے آرڈر کے، اصل یا ممکنہ ازدواجی حیثیت یا والدین کی حیثیت، بشمول حمل کی حیثیت کے بغیر، تمام طلباء کے لیے یکساں تعلیمی اور غیر نصابی مواقع دستیاب ہوں گے۔ BOE پالیسی 7:10

اگر کوئی طالب علم یا اس کے والدین/سرپرست، ملازم یا کمیونٹی کا کوئی ممبر یہ سمجھتا ہو کہ بورڈ، اس کے ملازمین یا اس کے ایجنٹوں نے ریاستی یا وفاقی آئین، ریاست یا وفاق کی جانب سے ضمانت شدہ اس کے حقوق یا بورڈ کی پالیسی کی خلاف ورزی کی ہے یا درج ذیل میں سے کسی کے بارے میں شکایت ہو، تو ڈسٹرکٹ کمپلینٹ منیجر کو مطلع کیا جانا چاہیے:

- تعلیمی طور پر پسماندہ یا محروم بچوں کے لیے تعلیمی مواقع کو بہتر بنانے کی خدمات کے لیے موصول ہونے والے فنڈز کا غلط استعمال
- نصاب، تدریسی مواد اور/یا پروگرام
- متاثرین کا معاشی تحفظ اور حفاظت کا ایکٹ، 820 ILCS 180
- الینوائے مساوی معاوضہ کا ایکٹ2003, 820 ILCS 112، /
- بے گھر طلباء کو خدمات کی فراہمی
- الینوائے وسل بلوئر ایکٹ،/740 ILCS 174
- جینیاتی معلومات کا غلط استعمال، الینوائے جنیٹک انفارمیشن پرائیویسی ایکٹ، 410 ILCS 513/؛ اور بذریعہ عنوانات I اور II از جینیاتی معلومات کا غیر امتیازی ایکٹ، 42 U.S.C. §2000ff et seq کے تحت ممنوع ہے۔
- ایمپلائی کریڈٹ پرائیویسی ایکٹ،820 ILCS 70
- عنوان II از امریکہ کا معذور افراد کا ایکٹ،42 U.S.C. §12101 et seq
- عنوان IX از 1972 کی تعلیمی ترامیم،20 U.S.C. §1681 et seq
- سیکشن 504 از 1973 کا بحالی معذوراں ایکٹ،29 U.S.C. §791 et seq
- معذور افراد کا تعلیمی ایکٹ،20 U.S.C. §1400 et seq
- عنوان VI از شہری حقوق ایکٹ،42 U.S.C. §2000d et seq
- مساوی روزگار کے مواقع کا ایکٹ (شہری حقوق کے ایکٹ کا عنوانVII )، 42 U.S.C. §2000e et seq
- ریاستی عہدیداروں اور ملازمین کے اخلاقیات کے ایکٹ کے تحت جنسی ہراسانی کی ممانعت، ILCS 430/70-5(a 5)؛ الینوائے انسانی حقوق کا ایکٹ 775 ILCS 5؛ اور عنوان VII از 1964 کا شہری حقوق کا ایکٹ، 1964, 42 U.S.C. §2000e et seq
- طلباء کے لیے دودھ پلانے کی جگہیں،105 ILCS 5/10-20.60
- غنڈہ گردی،105 ILCS 5/27-23.7

غیر امتیازی سلوک کی رابطہ کار: محترمہ اینل جسٹینیانو 260-6100/630 ajustiniano@queenbee16.org
شکایات منیجرز: ڈاکٹر لونا ہینکاک 260-6100/630 lhancock@queenbee16.org
شکایات منیجرز: ڈاکٹر جیمز اسٹیلٹر 260-6100/630 jstelter@queenbee16.org
BOE پالیسی 2:260

**طلباء کو ہراساں کرنا ممنوع ہے:**
کسی بھی شخص، بشمول اسکول ڈسٹرکٹ کا ہر ملازم یا ایجنٹ یا طالب علم کے لیے، کسی طالب علم کی حقیقی یا ادراکی نسل؛ رنگ؛ قومی اصل؛ فوجی حیثیت؛ فوجی سروس سے اخراج کی غیر موافق حالت؛ جنس، جنسی رجحان؛ صنفی شناخت؛ صنف سے متعلق شناخت یا اظہار؛ حسب نصب؛ عمر؛ مذہب؛ جسمانی یا ذہنی معذوری؛ تحفظ کی حیثیت کا آرڈر ؛ بے گھر ہونے کی حیثیت؛ اصل یا ممکنہ ازدواجی یا والدین کی حیثیت، بشمول حمل؛ مذکورہ بالا اصل یا ادراکی خصوصیات میں سے ایک یا زیادہ کے حامل ہونے یا کسی گروہ کے ساتھ وابستگی؛ یا کسی بھی دوسری امتیازی خصوصیت کی بنیاد پر اسے ہراساں کرنا، دھونس دینا یا دھمکانا ممنوع ہے۔ ڈسٹرکٹ ہراساں کرنے اور دھمکی دینے والے کسی بھی طرز عمل یا غنڈہ گردی کو برداشت نہیں کرے گا چاہے وہ زبانی ہو، جسمانی ہو، جنسی ہو یا نگاہوں سے ہو، جو تدریس کے مطلوبہ نتائج کو متاثر کرتا ہو، جو طالب علم کی تعلیمی کارکردگی کو غیر معقول طور پر متاثر کرتا ہو یا اس سے خوفناک، دشمنی پر مبنی یا جارحانہ تعلیمی ماحول پیدا ہوتا ہو۔ ممنوعہ طرز عمل کی مثالوں میں برے ناموں سے پکارنا، توہین آمیز گالیوں دینا، تعاقب کرنا، جنسی تشدد، نفسیاتی صدمہ پہنچانا، دھمکی دینا یا جسمانی نقصان پہنچانا، دھمکی دینا یا اصل میں پراپرٹی کو نقصان پہنچانا یا کسی کی نفرت یا تعصب کی عکاسی کرنے والی وپر بیان کردہ خصوصیات کی حامل کوئی اشیاء پہننا یا پاس رکھنا شامل ہیں۔ BOE پالیسی 7:20

**عنوان IX جنسی ہراسانی کی شکایت کا طریقہ کار:**
جنسی طور پر ہراساں کرنا طالب علم کی سیکھنے کی صلاحیت اور ملازم کی کام کرنے کی صلاحیت کو متاثر کرتا ہے۔ جنسی ہراسانی سے پاک تعلیمی اور کام کی جگہ کا ماحول سب کو فراہم کرنا ضلع کا ایک اہم مقصد ہے۔ ضلع اپنے کسی بھی تعلیمی پروگرام یا سرگرمیوں میں جنس کی بنیاد پر امتیازی سلوک نہیں کرتا اور یہ 1972 کی تعلیمی ترامیم کے عنوانIX (ٹائٹلIX ) اور اس کے نفاذ کے ضوابط[34 C.F.R. Part 106]) ) جن میں، ضلع کے تعلیمی پروگراموں اور سرگرمیوں میں شامل ہر شخص، بشمول ملازمت کے لیے درخواست دہندگان، طلباء، والدین/سرپرستان، ملازمین اور فریقین ثالث شامل ہیں BOE پالیسی 2:265

عنوان IX جنسی ہراسانی کی ممانعت

جنسی ہراسانی، جیسا کہ عنوانIX (جنسی ہراسانی کے ٹائٹلIX ) میں بیان کیا گیا ہے، ممنوع ہے۔ کوئی بھی شخص، بشمول ضلع کا ملازم یا ایجنٹ یا طالب علم، عنوان IX کے مطابق جنسی ہراسانی میں ملوث ٹھہرایا جاتا ہے، جب وہ کسی دوسرے فرد کی جنس کی بنیاد پر ایسا برتاؤ کرتا ہے، جو درج ذیل میں سے ایک یا زیادہ شرائط کو پورا کرتا ہو:

1. ضلع کا کوئی ملازم جو کسی فرد کو کوئی امداد، مراعات یا خدمت کی فراہمی کے بدلے میں اس سے کسی قسم کی جنسی تسکین کی شرط لگاتا ہے؛ یا
2. ایک معقول شخص کی طرف سے متعین کردہ کوئی ناپسندیدہ طرز عمل اتنا شدید، وسیع اور اتنا جارحانہ ہو کہ اس کی وجہ سے کوئی شخص ضلع کے تعلیمی پروگرام یا سرگرمی تک مساوی رسائی سے محروم ہو جاتا ہو؛ یا
3. *جنسی حملہ* جیسا کہ 20 U.S.C. §1092(f)(6)(A)(v) میں بیان کیا گیا ہے *ڈیٹنگ میں تشدد* جیسا کہ 34 U.S.C. §12291(a)(11) میں بیان کیا گیا ہے گھریلو تشدد جیسا کہ 34 U.S.C. §12291(a)(12) میں بیان کیا گیا ہے یا *تعاقب کرنا* جیسا کہ 34 U.S.C. §12291(a)(36) میں بیان کیا گیا ہے۔

جنسی طور پر ہراساں کرنے کی مثالوں میں شامل ہیں، لیکن یہ ان تک محدود نہیں، چُھونا، گندے لطیفے یا تصویریں، جنسی تجربات کے چرچے، جنسی خصوصیات کی بنیاد پر تنگ کرنا، کسی شخص کی مبینہ جنسی سرگرمیوں سے متعلق افواہیں پھیلانا، عصمت دری کرنا، جنسی زبردستی، جنسی زیادتی اور جنسی استحصال۔

**نوعمر کا ڈیٹنگ میں تشدد ممنوع ہے**
نوعمر کے ڈیٹنگ تشدد میں ملوث ہونا جو اسکول میں، اسکول کے احاطے میں، اسکول کے زیر اہتمام سرگرمیوں میں یا اسکول کی طرف سے فراہم کردہ ٹرانسپورٹ کی گاڑیوں میں ہو سکتا ہے۔ اس پالیسی کے مقاصد کے لیے، اصطلاح *نوعمر پر ڈیٹنگ میں تشدد* کا مطلب ہے کہ 13 تا 19 سال کا کوئی نو عمر ڈیٹنگ ریلیشن شپ میں کسی فرد کو کنٹرول کرنے میں جسمانی، ذہنی یا جذباتی بدسلوکی کرتا ہے یا کرنے کی دھمکی دیتا ہے یا ڈیٹنگ تعلقات میں جنسی تشدد یا اس کی کی دھمکی دیتا ہے۔ BOE پالیسی 7:185

**تدریسی پروگرام:**
**نصاب کا مواد:** BOE پالیسی 6:60
ہمارے طلباء گریڈ K-8 کے لیے درج ذیل شعبوں میں الینوائے اسٹیٹ لرننگ اسٹینڈرڈز کے مطابق تدریس حاصل کریں گے:

- ریڈنگ
- سوشل سٹڈیز:
- ریاضی
- موسیقی
- فزیکل ایجوکیشن
- لینگوئج آرٹس
- سماجی اور جذباتی تعلیم
- آرٹ
- سائنس

ہمارے طلباء کو بہت سے دوسرے شعبوں میں بھی اپنی نشوونما کے لحاظ سے مناسب تدریس ملتی ہے، بشمول:

- شہریت
- کیریئر کی تیاری
- صحت

- انٹرنیٹ سیفٹی
- کریکٹر ایجوکیشن
- منشیات اور نشہ آور اشیاء کے استعمال کی روک تھام
- پروجیکٹ لیڈ دی وے (PLTW) کا آغاز اور گیٹ وے

**عنوان I پروگرام:**
سپرنٹنڈنٹ خود یا نامزد کردہ شخص ابتدائی اور ثانوی تعلیم کے، پسماندہ افراد کی تعلیمی کامیابی کو بہتر بنانے کے ایکٹ کے عنوان I کے تحت، تعلیمی طور پر پسماندہ یا محروم بچوں کے لیے تعلیمی مواقع کو بہتر بنانے کے لیے درکار معاون تدریسی خدمات اور سرگرمیوں کی فراہمی اور تکمیل کے لیے مطلوبہ فنڈنگ حاصل کرے گا۔ ڈسٹرکٹ عنوان I کے تحت والدین/سرپرستوں اور خدمات حاصل کرنے والے یا پروگراموں میں داخلہ لینے والے طلباء کے خاندانوں کی شمولیت کے لیے پروگراموں، سرگرمیوں اور طریقہ کار کو برقرار رکھتا ہے۔ یہ پروگرام، سرگرمیاں اور طریقہ کار ضلعی سطح اور اسکول کی سطح کے معاہدوں میں بیان کیے گئے ہیں۔ ہر بلڈنگ کے پرنسپل یا نامزد شدہ شخص کو ٹائٹل I کی شرائط کے مطابق، *اسکول کی سطح کے والدین اور خاندانوں کی شمولیت کا معاہدہ* تیار کرنا ہو گا۔ BOE پالیسی 6:170

**ہونہار طلباء کے لیے پروگرام:**
سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص ہونہار اور باصلاحیت طلباءکے لیے ایک تعلیمی پروگرام نافذ کرے گا، جو طلباء کی ضروریات کے مطابق ہو اور بورڈ کے مقرر کردہ بجٹ کے پیرامیٹرز کے اندر ہو۔ ہونہار طلباء کے پروگرام میں حصہ لینے کی اہلیت نسل، مذہب، جنس، معذوری یا کسی بھی دوسری چیز سے مشروط نہیں ہو گی اور اس کی واحد شرط طالب علم کا ذہین و فطین ہونا ہے۔ تعلیمی بورڈ اس پروگرام کی کارکردگی کی نگرانی وقتاً فوقتاً سپرنٹنڈنٹ یا نامزد کردہ شخص سے ملاقات کر کے ان اشاریوں اور اعداد و شمار کا تعین کرے گا اور/یا جائزہ لے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ ہونہار اور باصلاحیت طلباء کا تعلیمی پروگرام اپنے اہداف اور مقاصد کو پورا کر رہا ہے اور یہ اس پالیسی کی تعمیل کر رہا ہے۔ BOE پالیسی 6:130

**طالب علم کی معاونت:**
ملٹی ٹائرڈ سسٹم آف سپورٹ (MTSS) ایک ایسا عمل ہے، جو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تمام طلباء قابل قبول تعلیمی ترقی کر رہے ہیں۔ اس بات کا تعین کرنے کے لیے، اسکول کے عملے کی ایک ٹیم اسکول کے تعلیمی اور رویے کے ڈیٹا کا جائزہ اور تجزیہ کرتی ہے۔ قابل قبول تعلیمی پیش رفت کے لیے ضلع کی جانب سے وضح کردہ معیار پر پورا نہ اترنے والے طلباء کی ٹیم کی جانب سے نشاندہی کی جائے گی اور اضافی مدد کے لیے غور کیا جائے گا۔

اس عمل میں اسکول کے عملے کا کردار درج ذیل ہے:
- وضاحت کریں کہ طالب علم کے لیے مسئلہ کیا ہے
- تجزیہ کریں اور مسئلہ کی وجوہات پر تبادلہ خیال کریں
- طالب علم کے لیے مسئلہ کو حل کرنے کے لیے ایک منصوبہ بنائیں، طالب علم کی پیش رفت کے لیے مستقل بنیادوں پر نگرانی کریں اور ضرورت کے مطابق اس میں ترمیم کریں
- منصوبے کے کارگر ہونے کا اندازہ لگائیں

والدین کے لیے اپنے بچے کی تعلیم میں شامل ہونے کے کچھ طریقوں میں درج ذیل شامل ہیں:
- اسکول کے فنکشنز جیسے اوپن ہاؤس یا والدین/اساتذہ کی کانفرنسوں میں شرکت کرنا
- بچے کے استاد کو اور کامیابی کے لیے اس کی توقعات کو جاننا
- RTLکے عمل کے بارے میں سوالات پوچھنا اور یہ کہ بچے کی ضروریات کو کیسے پورا کیا جا رہا ہے
- یونیورسل اسکریننگ اسسمنٹ کے بارے میں جاننا، جو تمام طلباء کو سال میں تین بار دیا جاتا ہے

اگر آپ کو کسی طالب علم کی تعلیمی یا طرز عمل کی ترقی کے بارے میں خدشات ہیں، تو:
- بچے کے استاد اور بلڈنگ ایڈمنسٹریٹر کو اپنے خدشات سے آگاہ کریں
- بچے کے مثبت پہلوؤں، ہوم ورک کی عادات، اسکول کے بارے میں رویہ، ٹیسٹ کے اسکور، سابقہ اسکول کا تجربہ، ساتھیوں کے ساتھ تعلقات اور چیلنجز سے متعلق معلومات شیئر کرنے کے لیے تیار رہیں
- بچے کے مخصوص مثبت پہلوؤں اور ضروریات کے بارے میں اسکول کے عملے کے ساتھ مسئلہ حل کرنے والی بات چیت میں حصہ لیں
- اسکول کے عملے کے ساتھ تعاون کریں اور مخصوص اور قابل پیمائش اہداف پورا کرنے کی جانب بچے کی پیشرفت کی نگرانی کریں

**معذوریوں کے حامل بچوں کی تعلیم:**
انڈیویجوئلز ود ڈس ایبلٹی ایجوکیشن ایکٹ (IDEA) کے تقاضوں کے مطابق،اسکول ڈسٹرکٹ معذوریوں کے حامل طلباء کو کم از کم پابندی والے ماحول میں مفت مناسب عوامی تعلیم فراہم کرے گا اور ضلع میں اندراج شدہ تمام معذور بچوں کو متعلقہ ضروری خدمات فراہم کرے گا اور ریہیبلیٹیشن ایکٹ 1973 کے اسکول کوڈ، سیکشن 504 اور امیرکنز ود ڈس ایبلٹی ایکٹ کے تقاضوں پر عمل کرے گا۔ "معذوریوں کے حامل بچوں" کی اصطلاح، جیسا کہ اس پالیسی میں استعمال کی گئی ہے، کا مطلب ہے 3 سے 15 سال کی عمر کے ایسے بچے (بشمول) جن کے لیے اس کا تعین الینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) کے خصوصی تعلیم کے قواعد میں بیان کردہ تعریفوں اور طریقہ کار کے ذریعے کیا گیا ہے، کو خصوصی *تعلیمی* خدمات کی ضرورت ہے۔

ڈسٹرکٹ کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ریہبلیٹیشن ایکٹ 1973 کے سیکشن 504 کی تعریف کے تحت معذوریوں کے حامل طلباء کی شناخت، ان کی تشخیص اور انہیں مناسب تعلیمی خدمات فراہم کرنا ہے۔ ضلع اسکول ڈسٹرکٹس کی ایک یا زیادہ کوآپریٹو انجمنوں میں اپنی رکنیت برقرار رکھ سکتا ہے، جو ضلع کے معذوریوں کے حام طلباء کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ضلع کی مدد کریں گی۔ اگر ضروری ہو، تو طلباء کو غیر سرکاری خصوصی تعلیمی پروگراموں یا تعلیمی سہولیات میں بھی رکھا جا سکتا ہے۔ BOE پالیسی 6:120

**ADA رسائی:**
معذوریوں کے حامل طلباء کو اسکول کے زیر اہتمام تمام خدمات، پروگراموں یا سرگرمیوں میں حصہ لینے کا موقع فراہم کیا جائے گا اور وہ غیر قانونی امتیازی سلوک کا شکار نہیں ہوں گے۔ جہاں مناسب ہو، ڈسٹرکٹ معذور افراد کو ایسی امداد، مراعات یا خدمات بھی فراہم کر سکتا ہے جو دوسروں کو فراہم کی جانے والی امداد، مراعات یا خدمات سے الگ یا مختلف ہو سکتی ہیں، لیکن اتنی ہی مؤثر ہوں گی۔ معذوریوں کے حامل افراد کو کسی خدمت، پروگرام یا سرگرمی میں حصہ لینے یا اس کے فوائد سے لطف اندوز ہونے کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے جہاں ضروری ہو، ڈسٹرکٹ انہیں معاون امداد اور خدمات بھی فراہم کرے گا۔ موجودہ سہولت گاہوں میں دستیاب ہر سروس، پروگرام، ویب سائٹ یا سرگرمی معذوریوں کے حامل افراد کے لیے آسانی سے قابل رسائی و قابل استعمال ہوں گی۔ BOE پالیسی 8:70

**انگریزی سیکھنے والے:**
ڈسٹرکٹ انگریزی سیکھنے رہائشیوں کو اپنے تعلیمی مضامین میں کامیابی کے حصول اور ان چیلنجنگ ریاستی تعلیمی معیارات پر پورا اترنے کے بھرپور مواقع فراہم کرتا ہے، جس کی توقع تمام بچوں سے کی جاتی ہے۔ سپرنٹنڈنٹ یا نامزد کردہ شخص تحفظ اور سلامتی کا ایک جامع منصوبہ تیار کرے گا، نافذ کرے گا اور اسے برقرار رکھے گا، جو جو کہ:

- تمام انگریزی سیکھنے والوں کو انگریزی کی مہارت حاصل کرنے، انگریزی میں مؤثر ابلاغ کی سہولت فراہم کرنے اور اسکول کی سرگرمیوں اور پروگراموں میں ان کی بھرپور شرکت کی حوصلہ افزائی کرنے کے علاوہ انگریزی سیکھنے والوں کے والدین/سرپرستوں کی شرکت کو بھی فروغ دینے میں مدد کرتا ہو۔
- انگریزی زبان کی محدود مہارت والے طلباء کی مناسب طور پر شناخت کرتا ہو۔
- ٹرانزیشنل بائیلنگوئل پروگرام (TBE) یا ٹرانزیشنل پروگرام آف انسٹرکشن (TPI) سے متعلق ریاستی قانون کی تعمیل کرتا ہو، جو بھی قابل اطلاق ہو۔
- انگریزی زبان سیکھنے والوں کے لیے گرانٹ کی رقم کی وصولی اور ان کی خدمت کے لیے پروگراموں کے لیے کسی بھی قسم کے قابل اطلاق ریاستی اور وفاقی تقاضوں کی تعمیل کرے۔
- انگریزی زبان سیکھنے والوں کے لیے مناسب تدریسی پروگرام اور ماحول کا تعین کرے۔
- انگریزی زبان سیکھنے والوں کی انگریزی کی مہارت کا سالانہ بنیادوں پر جائزہ لیا جائے اور مرکزی دھارے کے کلاس روم ماحول کے لیے ان کی تیاری کا تعین کرنے کے لیے ان کی پیش رفت کی نگرانی کی جائے۔
- انگریزی زبان سیکھنے والوں کو، ریاست اور وفاقی قانون کے مطابق مطلوبہ حد تک، ضلع کے طلباء کے تشخیصی پروگرام میں پڑھنے/زبان کے فنون اور ریاضی میں ان کی کامیابیوں کی پیمائش کرنے کے لیے شامل کرے۔
- انگریزی سیکھنے والوں کے والدین/سرپرستوں کو درج ذیل کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں: (1) ان کے بچے کو پروگرام میں رکھنے کی وجہ، (2) بچے کی انگریزی کی مہارت کی سطح، (3) تدریس کا طریقہ کار، (4) پروگرام ان کے بچے کی ضروریات کو کیسے پورا کرے گا، (5) پروگرام بچے کی انگریزی سیکھنے اور گریڈ پروموشن اور گریجویشن کے لیے عمر کے مطابق تعلیمی کامیابی کے معیارات کو پورا کرنے میں کیسے مدد دے گا، (6) پروگرام چھوڑنے کی مخصوص شرائط، (7) پروگرام ان کے بچے کے انفرادی تعلیمی پروگرام کو کیسے پورا کرے گا، اگر قابل اطلاق ہو، اور (8) والدین/سرپرست کے حقوق سے متعلق معلومات۔ والدین/سرپرستوں کو ان کے بچے کی پیش رفت کے بارے میں باقاعدگی سے آگاہ کیا جائے گا اور شمولیت کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

انگریزی سیکھنے والوں کے والدین/سرپرستوں کو درج ذیل کے بارے میں مطلع کیا جائے گا: (1) اپنے بچوں کی تعلیم میں شامل ہونا؛ (2) اپنے بچوں کو انگریزی کی مہارت حاصل کرنے میں مدد دینے کے لیے سرگرم کردار ادا کرنا، ایک اچھی تعلیم کا اعلیٰ درجہ حاصل کرنا اور تمام طلباء سے متوقع ریاستی تعلیمی معیارات کو پورا کرنا؛ اور (3) ضلع کے عبوری دو لسانی تعلیمی پروگراموں کی پیرنٹ ایڈوائزری کمیٹی میں حصہ لینا اور اپنا مفید کردار ادا کرنا۔ BOE پالیسی 6:160

**درجہ بندی اور ترقی:**
سپرنٹنڈنٹ طلباء اور ان کے والدین/سرپرستوں کے لیے تعلیمی کامیابیوں کی درجہ بندی اور رپورٹ کرنے کا ایک نظام قائم کرے گا۔ نظام اس بات کا بھی تعین کرے گا کہ ترقی کی شرائط کب پوری ہوتی ہیں۔ طالب علم کو اگلے درجے تک ترقی دینے کا فیصلہ نصاب کی کامیاب تکمیل، حاضری اور الینوائے سٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) اور/یا دیگر جائزوں کے دوران مطلوبہ معیاری ٹیسٹوں میں کارکردگی دکھانے پر مبنی ہو گا۔

کسی بھی طالب علم کو اس کی عمر یا کسی دوسری سماجی وجہ کی بنیاد پر ترقی نہیں دی جائے گی، جو تعلیمی کارکردگی سے متعلق نہ ہو۔ انتظامیہ کسی ایسے طالب علم کے لیے دادرسی کی امداد کا تعین کرے گی، جسے ترقی نہ دی گئی ہو۔ ہر استاد کو اپنے کلاس روم میں موجود ہر طالب علم کا ایک تشخیصی ریکارڈ برقرار رکھنا چاہیے۔

ضلع کا کوئی بھی منتظم استاد کو مطلع کیے بغیر اور بورڈ کی پالیسی کے مطابق تبدیلی کی کوئی قابل قبول وجہ بتائے بغیر، استاد کی طرف سے تفویض کردہ حتمی گریڈ کو تبدیل نہیں کر سکتا۔ BOE پالیسی 6:280

**طلباء کی جانچ اور تشخیص کا پروگرام:**
ڈسٹرکٹ اسٹوڈنٹ اسسمنٹ پروگرام، طالب علم کی انفرادی کامیابیوں اور تدریسی ضروریات، نصاب اور تدریس کے مؤثر ہونے اور اسکول کی کارکردگی کا تعین کرنے کے لیے معلومات فراہم کرتا ہے اور اسکول کی کارکردگی کی پیمائش ڈسٹرکٹ کے طلباء کے لیے سیکھنے کے مقاصد اور ریاست بھر کے اصولوں کے مطابق کی جاتی ہے۔

سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ، طالب علم کے لیے تشخیصی پروگرام کا انتظام کرے گا، جو طلباء کے لیے الینوائے سٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) کو درکار تمام معیاری تشخیصات اور/یا تشخیص کے کسی دوسرے مناسب طریقے اور آلات کا بندوبست کرتا ہے، بشمول معمول اور معیار کے حوالے سے کامیابی کے ٹیسٹ، رویہ جاتی ٹیسٹ، مہارت کے ٹیسٹ اور اساتذہ کے تیار کردہ ٹیسٹ۔ طلباء کو ہر ریاستی تشخیص میں ان کی شرکت پر لاگو ہونے والی مدت کی حدود اور طریقہ کار سے آگاہ کرتا ہے۔

سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ ہر طالب علم کے والدین/سرپرستوں کو ہر ریاستی تشخیص کے نتائج یا اسکور اور طالب علم کی پیش رفت کا جائزہ فراہم کرے گا۔ پالیسی 6:280 دیکھیں، درجہ بندی اور ترقی اور پیشہ ورانہ جانچ کے طریقوں کو استعمال کرتا ہے۔ ریاستی قانون کے تحت مطلوبہ ٹیسٹوں پر طلباء کے مجموعی تشخیصی ڈیٹا کو ضلع کی جانب سے جمع کیا جائے گا اور انہیں دیگر معلومات کے ساتھ ضلع کے سالانہ رپورٹ کارڈ پر ظاہر کیا جائے گا۔ بورڈ کی پالیسی 7:340، طالب علم کے ریکارڈز اور اس کے نفاذ کے طریقہ ہائے کار، ریکارڈ کیپنگ اور رسائی کے مسائل کو کنٹرول کرتے ہیں۔ BOE پالیسی 6:340

**الیکٹرانک نیٹ ورکس تک رسائی:**
الیکٹرانک نیٹ ورکس، بشمول انٹرنیٹ، ضلع کے تدریسی پروگرام کا ایک اہم حصہ ہیں اور یہ وسائل کے اشتراک، اختراعات اور ابلاغ کی سہولت فراہم کر کے تعلیمی ترقی کو فروغ دینے کے لیے کام کرتے ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ اس پالیسی کے لیے ایک نفاذ کا منصوبہ تیار کرے گا اور سسٹم ایڈمنسٹریٹر (ز) کو مقرر کرے گا۔ اسکول ڈسٹرکٹ کسی بھی ایسی معلومات کا ذمہ دار نہیں ہو گا، جو نیٹ ورک استعمال کرتے وقت گم ہو یا خراب ہو جائے یا دستیاب نہ ہو یا انٹرنیٹ کے ذریعے منتقل کی جانے والی کسی بھی معلومات کی بازیابی کے لیے۔ علاوہ ازیں ، ضلع انٹرنیٹ تک رسائی کے نتیجے میں کسی بھی غیر مجاز چارجز یا فیس کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار نہیں ہو گا۔ ڈسٹرکٹ کے پاس قابل قبول استعمال کی ایک جامع پالیسی موجود ہے، جس میں ٹیکنالوجی کے استعمال اور انضمام سے نمٹنے کے طریقہ ہائے کار، آن لائن وسائل اور انٹرنیٹ کی حفاظت کے لیے مناسب استعمال (استعمالات) کو بیان کیا گیا ہے، جیسا کہ چائلڈز پرائیویسی پروٹیکشن اینڈ پیرنٹل ایمپاورمنٹ ایکٹ (ILCS 17 325/) میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ پالیسی والدین کو ہر سال کے شروع میں فراہم کی جاتی ہے اور ہماری ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔ والدین اور طالب علموں کو اس دستاویز کو پڑھنا اور اسکول کو ایک دستخط شدہ دستاویز واپس کرنا ہو گی، جس میں وہ پروگرام کو سمجھنے کا اقرار کریں گے، بشمول اسکول کی توقعات سے متضاد طرز عمل میں ملوث ہونے کے نتائج۔ BOE پالیسی 6:235

**طالب علم کی سماجی اور جذباتی نشوونما:**
سوشل اینڈ ایموشنل لرننگ (SEL) کی تعریف ایک ایسے عمل کے طور پر کی گئی ہے، جس کے ذریعے طالب علم اپنی زندگی کے اہم اہداف کے حصول کے لیے اپنی سوچ، احساس اور رویوں کو مربوط کرنے کی صلاحیت کو بڑھاتے ہیں۔ SEL میں قابل طلباء اپنے جذبات کو پہچاننے اور ان کا نظم کرنے، صحت مند تعلقات قائم کرنے، مثبت اہداف متعین کرنے، ذاتی اور سماجی ضروریات کو پورا کرنے اور ذمہ دارانہ اور اخلاقی فیصلے کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔ الینوائے لرننگ سٹینڈرڈز میں طلباء کے لیے تین اہداف شامل ہیں (1) اسکول اور زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے خود آگاہی اور ذاتی نظم و نسق کی مہارتیں تیار کرنا (2) مثبت تعلقات قائم کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے سماجی بیداری اور باہمی مہارتوں کا استعمال کرنا (3) فیصلہ سازی کا مظاہرہ کرنا اور اپنی ذاتی، اسکول اور کمیونٹی کی زندگی کے سیاق و سباق میں مہارت اور ذمہ دارانہ رویوں کو فروغ دینا۔ BOE پالیسی 6:65

**موسم گرما کا اسکول:**
ڈسٹرکٹ سمر اسکول کے دوران، طلباء کو اپنی تعلیم میں اضافہ کرنے کے لیے مختلف قسم کے تجربات فراہم کرتا ہے۔ اس میں تعلیمی سال کے توسیعی تجربات میں خصوصی تعلیمی کوآپریٹو کے ساتھ مل کر معذور طلباء کے لیے موسم گرما کا پروگرام، گلین بارڈ ڈسٹرکٹ 87 کے ساتھ ایک برج پروگرام اور مقامی طور پر تیار کردہ تدریسی پروگرام شامل ہیں۔

**لائبریری/میڈیا پروگرام:**
سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص ریاست کے قانون اور الینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن کے قواعد کی تعمیل کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ کے لائبریری میڈیا پروگرام کو منتظم کرے گا۔ BOE پالیسی 6:230

**گھر کا کام:**

ہوم ورک ضلع کے تدریسی پروگرام کا ایک اہم حصہ ہے اور اس کا مقصد طلباء کی کامیابیوں میں اضافہ کرنا ہے۔ ہوم ورک ایک طالب علم کی تعلیمی ترقی کو آگے بڑھانے کے لیے تفویض کیا جاتا ہے اور یہ کلاس روم کی تدریس اور تجربہ کے مطابق دیا جاتا ہے۔ سپرنٹنڈنٹ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے رہنمائی فراہم کرے گا کہ ہوم ورک (1) پہلے سے احاطہ کیے گئے تصورات، اصولوں اور مہارتوں کو تقویت دینے اور لاگو کرنے کے لیے استعمال کیا جائے (2) سزا کے طور پر تفویض نہ کیا گیا ہو (3) اسکول اور والدین/سرپرستوں کے درمیان رمربوط روابط کا کام کرتا ہو ( 4) استاد کے بہترین پیشہ ورانہ فیصلے کے مطابق، خود مختار سوچ، ذاتی سمت بندی اور ذاتی نظم و ضبط پر مبنی ہو (5) یہ استاد کے بہترین فیصلہ کے مطابق، مناسب کثرت سے دیا جائے اور طلباء کے لیے بوجھ نہ بنے۔ BOE پالیسی 6:290

**غیر نصابی اور ہم نصابی سرگرمیاں:**
غیر نصابی یا ہم نصابی سرگرمیاں اسکول کے زیر اہتمام ایسے پروگرام ہوتے ہیں، جن میں سے کچھ یا تمام سرگرمیاں تدریسی دنوں کے علاہ انجام دی جاتی ہیں۔ ان میں فیلڈ ٹرپ، ہوم ورک یا اسکول کے دن کے علاوہ شیڈول کردہ کلاس کے لیے ضروری کام شامل نہیں ہیں۔ "ہم نصابی سرگرمی" سے مراد ایک باقاعدہ کلاس روم میں نصاب سے وابستہ سرگرمی ہے اور عام طور پر کلاس کریڈٹ کے لیے اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ "غیر نصابی سرگرمی" سے مراد ایسی سرگرمی ہے جو نصاب کا حصہ نہ ہو، درجہ بند نہ کی گئی ہو، کریڈٹ پیش نہ کرتی ہو اور کلاس روم کے دوران انجام نہ دی جائے؛ ان میں اسکولوں کے مابین مقابلہ کی سرگرمیاں اور کلب شامل ہیں۔ ہر سرگرمی کو سپرنٹنڈنٹ کی منظوری لازمی چاہیے ہوتی ہے، تاکہ اسے ضلع کی طرف سے اسپانسر شدہ غیر نصابی یا ہم نصابی سرگرمی کے طور پر تصوّر کیا جائے، BOE پالیسی 6:190

**فیلڈ ٹرپس:**
جب فیلڈ ٹرپس طلباء کے تجربات، اسکول کے نصاب کا حصہ ہوں اور/یا ڈسٹرکٹ کے تعلیمی مقاصد کو پورا کرتے ہوں، تو ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ تمام فیلڈ ٹرپس کے لیے سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص کی پیشگی منظوری لازمی ہے، ماسوائے ایسے ٹرپس کے جو اسکول سے 200 میل کے دائرے سے باہر ہوں یا رات باہر گزارنی پڑتی ہو، تو ایسے ٹرپس کے لیے تعلیمی بورڈ کی پیشگی منظوری لازمی ہے۔ تشریک نہ ہونے والے تمام طلباء کو ایک متبادل تجربہ فراہم کیا جائے گا۔ کسی بھی فیلڈ ٹرپ کو کسی غیر متوقع واقعہ یا حالت کی وجہ سے بغیر اطلاع کے منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ BOE پالیسی 6:240

**حفاظت:**
تعلیمی پروگرام سمیت ضلع کی تمام کاروائیاں اس طریقے سے چلائی جائیں گی جن سے ڈسٹرکٹ کی پراپرٹی یا ڈسٹرکٹ کی تقریب میں ہر کسی کی حفاظت اور تحفظ کو فروغ ملتا ہو۔ سپرنٹنڈنٹ یا نامزد کردہ شخص تحفظ اور سلامتی کا ایک جامع منصوبہ تیار کرے گا، نافذ کرے گا اور اسے برقرار رکھے گا۔ اس منصوبے میں ہنگامی کاروائیوں اور بحرانوں کے جوابی منصوبے (پلانز) شامل ہوں گے جو ہر اسکول کے لیے روک تھام، تیاری، ردعمل اور بحالی سے متعلق ہوں گے؛ قانون نافذ کرنے والے مقامی اور فائر فائٹر حکام، ہنگامی طبی خدمات کے عملے اور بورڈ اٹارنی کے درمیان مربوط کوشش؛ اسکول کی حفاظتی مشق کا منصوبہ؛ بسوں میں محفوظ سفر کے بارے میں ہدایات؛ اور اندرونی اور بیرونی مواصلات کا ایک واضح، تیز، حقائق پر مبنی اور مربوط نظام برقرار رکھنا۔ کسی بھی ہنگامی صورت حال میں جس سے کسی شخص یا املاک کی حفاظت کو خطرہ لاحق ہو، طلباء اور عملے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ دستیاب سیلولر ٹیلی فون کے استعمال کے حوالے سے اپنی عمارت کے لیے متعین شدہ بہترین طریقوں پر عمل کریں۔

ہر تعلیمی سال کے دوران، اسکول کی ہر عمارت میں، جس میں اسکول کے بچے رہتے ہوں، اسکول سیفٹی ڈرل ایکٹ (105 ILCS 128/) کے مطابق درج ذیل میں سے ہر ایک مرحلہ کم از کم ایک بار انجام دیا جائے گا:

- اسکول میں فائرنگ کے واقعے سے نمٹنے اور تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے، قانون نافذ کرنے والی ایک مشق
- شدید موسم اور پناہ گاہ میں ایک مشق
- اسکول خالی کرانے کی تین مشقیں
- بس خالی کرانے کی ایک مشق

بورڈ یا اس کا نامزد کردہ شخص ہر اسکول کی عمارت کی ہنگامی کاروائیوں اور کرائسس ریسپانس پلان (پلانز)، پروٹوکولز اور طریقہ ہائے کار کے علاوہ اسکول کے حفاظتی ڈرل پلان کے ساتھ ہر عمارت کی تعمیل کا سالانہ جائزہ لے گا۔ یہ سالانہ جائزہ سکول سیفٹی ڈرل ایکٹ (105 ILCS 128/) اور اسٹیٹ فائر مارشل کے دفتر اور الینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن (ISBE) کے مشترکہ قواعد کے مطابق انجام دیا جائے گا۔ BOE پالیسی 4:170

**سوشل نیٹ ورکنگ ویب سائٹس پر طلباء کے اکاؤنٹس یا پروفائلز کے بارے میں اطلاع نامہ:**
سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص اسکول سیٹنگ ایکٹ، (105 ILCS 75/) میں رازداری کے حقوق کے مطابق درج ذیل میں سے ہر ایک چیز کے بارے میں طلباء اور ان کے والدین/سرپرستوں کو مطلع کرے گا۔ 1. اسکول کے اہلکار کسی طالب علم یا اس کے والدین/سرپرست سے سوشل نیٹ ورکنگ ویب سائٹ پر طالب علم کے اکاؤنٹ یا پروفائل تک رسائی حاصل کرنے کے لیے پاس ورڈ یا دیگر متعلقہ اکاؤنٹ کی معلومات فراہم کرنے کی درخواست یا طلب نہیں کر سکتے۔ 2. اگر سوشل نیٹ ورکنگ ویب سائٹ پر طالب علم کے اکاؤنٹ پر ایسی مخصوص معلومات موجود ہوں، جو اسکول کے تادیبی اصول یا پالیسی کی خلاف ورزی کرتی ہوں، تو اسکول کے اہلکار تحقیقات کر سکتے ہیں یا کسی طالب علم سے تحقیقات میں تعاون کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ تحقیقات کے دوران، طالب علم کو اس مواد کا اشتراک کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے، جس کی اطلاع دی گئی ہو تاکہ اسکول کے حکام کو حقائق کا تعین کرنے کی اجازت دی جا سکے۔ BOE پالیسی 7:140

## ہنگامی حالات کی معلومات

**سکول کی بندش:**

سپرنٹنڈنٹ کو خطرناک موسم یا دیگر کسی بھی ایسی ہنگامی صورت حال میں اسکول بند کرنے کا اختیار حاصل ہے جس سے طلباء، عملے کے ممبران یا اسکول کی املاک کی حفاظت کو خطرہ لاحق ہو۔ BOE پالیسی 4:170

**آرٹ کا زہریلا سازو سامان:**

آرٹ یا کرافٹ کا زہریلا مواد جو ضلع کی جانب سے K-6 گریڈ میں طلباء کے استعمال کے لیے خریدا جاتا ہے، سختی سے ممنوع ہے۔ گریڈ 7-8 کے طلباء کے لیے زہریلا آرٹ مواد صرف اس صورت میں خریدا جاتا ہے، جب وہ قانونی لیبلنگ کے معیارات پر پورا اترتا ہو اور ISBE کے ضوابط کے مطابق ذخیرہ کیا جاتا ہو۔

**آنکھوں کے حفاظتی آلات:**

آنکھ کے حفاظتی آلات کو تمام طلباء، اساتذہ اور وزیٹرز کو پہننے کی ضرورت ہوتی ہے، جب وہ ایسی کلاسز میں شرکت کرتے یا مشاہدہ کرتے ہیں جن میں کیمیکل یا کیمیکل و فزیکل مشترکہ لیبارٹریاں موجود ہوں، جن میں کاسٹک کیمیکل، دھماکہ خیز کیمیکل یا گرم مائعات اور/یا ٹھوس مواد شامل ہوتے ہیں۔

**آٹومیٹڈ ایکسٹرنل ڈیفبریلیٹر (AED):**

سپرنٹنڈنٹ یا نامزد شدہ شخص فٹنیس فیسلٹی میڈیکل ایمرجنسی پرپیئرڈنیس ایکٹ کے مطابق ڈسٹرکٹ کی جسمانی فٹنس کی سہولیات میں طبی ہنگامی حالات پر کاروائی کرنے کے لیے ایک تحریری منصوبہ نافذ کرے گا اور الینوائے ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ہیلتھ (IDPH) کو اس منصوبے کی ایک کاپی بھیجے گا۔ یہ منصوبہ ریاستی قانون کے تقاضوں کے مطابق احاطے میں موجود ہر جسمانی فٹنس کی سہولت گاہ پر دستیاب کروانے کے لیے کم از کم ایک آٹومیٹڈ ایکسٹرنل ڈیفبریلیٹر (AED) فراہم کرے گا۔ BOE پالیسی 4:170

**غیر محفوظ اسکول سے منتقلی کا اختیار:**

کسی غیر محفوظ اسکول سے منتقلی کا اختیار طلباء کو ضلع کے اندر کسی دوسرے ڈسٹرکٹ اسکول یا پبلک چارٹر اسکول میں جانے کی اجازت دیتا ہے، جیسا کہ ریاستی قانون میں بیان کیا گیا ہے اور اس کا تعین الینوائے اسٹیٹ بورڈ آف ایجوکیشن کرے گا۔ BOE پالیسی 4:170

**والدین کے خدشات:**

والدین/سرپرستوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ تشویش کے معاملات پر مناسب فرد کے ساتھ بات کریں۔ اس کا روایتی طریقہ کار استاد سے پہلے بات کرنا ہے، جہاں زیادہ تر مسائل کو حل کیا جا سکتا ہے۔ اگر والدین کو پھر بھی اطمینان نہ ہو، تو انہیں بلڈنگ کے پرنسپل سے بات کرنی چاہیے مزید کارروائی کی ضرورت پڑنے پر، اسکولوں کا سپرنٹنڈنٹ شکایات کو دور کرنے کی کوشش کرے گا۔ حتمی اقدام کے طور پر، والدین/سرپرست اسکولوں کے سپرنٹنڈنٹ کو اپنے مسئلے کو تعلیمی بورڈ تک پہنچانے کی خواہش کے بارے میں بھی مطلع کر سکتے ہیں۔ سپرنٹنڈنٹ آف سکولز ان کی تشویش کو بورڈ کے طے شدہ اجلاس میں پیش کرنے کا بندوبست کرے گا۔